429

آیات نمبر 64 تا70 میں بیان کہ اس سے پہلے بھی تمام انبیاء کو یہی وحی بھیجی گئی تھی کہ اللہ
کے سوا کوئی معبود نہیں۔ روز قیامت کسی پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ قیامت کے دن جہنم اور
جنت کا ایک منظر نامہ۔

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ اے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم)!
آپ ان لوگوں سے کہہ دیجئے کہ اے نادانو! کیا اب بھی تم مجھ سے یہی کہتے ہو کہ
میں اللہ کو چھوڑ کر دوسروں کی پرستش کرنے لگوں وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ
الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بے شک آپ کی طرف اور آپ سے پہلے پیغمبروں کی طرف ہم نے
یہی وحی بھیجی تھی کہ اے لوگو! اگر تم نے شرک کیا تو یقیناً تمہارے تمام اعمال برباد
ہو جائیں گے اور تم نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو جاؤ گے بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَ
كُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ لہٰذا تم اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے شکر گزار بندوں
میں شامل ہو جاؤ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ ان لوگوں نے اللہ کی وہ قدر
ومنزلت نہ پہچانی جو اس کا حق ہے، جبکہ اس کی شان تو یہ ہے کہ قیامت کے دن یہ
ساری زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے
ہوں گے سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وہ ہر عیب سے پاک ہے اور ہر اس
چیز سے بلند و برتر ہے جسے یہ لوگ اس کا شریک ٹھہراتے ہیں وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ

فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ اور جب
صور پھونکا جائے گا تو وہ سب جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں بیہوش ہو کر گر
پڑیں گے سوائے ان کے جنہیں اللہ چاہے گا سوائے بعض مقرب فرشتوں کے ثُمَّ
نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿٦٨﴾ پھر جب اس صور میں دوبار
پھونکا جائے گا تو وہ سب کے سب اچانک کھڑے ہو کر ادھر اُدھر دیکھنے لگیں گے وہ
بھی جو قیامت کے دن پہلے صور کے وقت ہلاک ہوئے تھے اور وہ بھی جو اپنی قبروں میں پہلے سے
مدفون تھے وَ اَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ وَ جِايْٓءَ
بِالنَّبِيّٖنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اور
زمین اپنے رب کے نور سے جگمگا اٹھے گی، اعمال کی کتاب لا کر رکھ دی جائے گی، پیغمبر
اور گواہ حاضر کئے جائیں گے، لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے
گا اور کسی پر ایک ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ
هُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٠﴾ اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا
کیونکہ لوگ جو کچھ بھی کرتے رہے ہیں اللہ اسے خوب جانتا ہے رکوع [۷]

[#429]

Verse 64 to 70 state that the same revelation was sent to all the prophets before, that there is no deity but Allah. No one will be wronged on the Day of Judgment. A scenario of Hell and Paradise on the Day of Judgment.

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿٦٤﴾

[O Prophet!] Say [to them]: "is it then, someone other than Allah that you urge me to worship, O ignorant ones?"

وَ لَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَ اِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ
اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾

Indeed, it has been revealed to you [O Prophet!], and to those [prophets] before you, that: "[O people!] If you were to associate any other god with Allah, surely all of your deeds will be rendered void, and you will surely be among the losers."

بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَ كُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٦﴾

So, worship Allah [alone] and be among those who are grateful to Him.

وَ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖۗ وَ الْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ السَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ

And they [who disbelieve] have not esteemed Allah with His rightful esteem. And the whole earth shall be in His Grip on the day of Judgement and the Heavens shall be rolled up in His Right Hand.

سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾

Highly exalted is He, and most High, [far] above all that they associate as partners [with Him].

وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ

And when the Trumpet shall be blown, then all who are in the heavens and all who are in the earth shall fall down unconscious, except whomever Allah so wills.

ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿٦٨﴾

Then, when the Trumpet is blown for the second time, and behold! they will all stand up suddenly, looking around.

وَ اَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ وَ جِایْٓءَ
بِالنَّبِيّٖنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ قُضِیَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ هُمْ لَا
يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾

And the earth will shine by the light of its Lord, the book [of the record of their deeds] will be put in place [for each one]. And the Prophets and witnesses will be brought forward--and judgment will be passed among the people with justice, and no one will be wronged [in the least].

وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾

رکوع [۷]

And every soul will be given its full recompense for what it has done, for Allah is fully aware of all that they have been doing.